**Urdu 1120: Repetisjon, samtaler**

10. mai 2005

Under muntlig eksamen kan man forvente spørsmål fra én eller to av følgende emner:

| | |
|---|---|
| (1) Hilsen | (6) Bolig |
| (2) Familie | (7) Jobb |
| (3) Reise | (8) Kvinnens rolle (bare for kvinner) |
| (4) Mat og drikke | (9) Ferie |
| (5) Shopping | (10) Pakistan |

I denne repetisjonen skal vi øve på de vanligste spørsmålene.

## (1) Hilsen

السلامُ علیکم — و علیکم السلام ۔
مزاج کیسے ہیں ؟
(آپ کا) اِسم شَریف ؟
آپ کا تَعَلق کہاں سے ہے ؟
آپ کی رہائش کہاں ہے ؟
اوسلو میں آپ کا قیام کب سے ہے ؟
کیا میں آپ کا کار و بار پوچھ سکتا ہوں ؟
آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی ۔
خدا حافظ ۔

## (2) Familie

آپ کتنے بھائی بہنیں ہیں ؟
آپ کا بھائی کہاں رہتا ہے ؟
آپ کی بہن کہاں رہتی ہے ؟
اُس / اُن کی عمر کیا ہے ؟
وہ کیا کرتا / کرتی ہے ؟
کیا آپ اُس سے اکثر ملتے ہیں / ملتی ہیں ؟
آپ کے والدین کہاں رہتے ہیں ؟
آپ کے والد کیا کرتے ہیں ؟
آپ کی والدہ کیا کرتی ہیں ؟

•

ناروے میں نو جوان اپنے والدین کا گھر کب چھوڑتے ہیں ؟
کیا آپ شادی شدہ ہیں ؟
کیا شادی کے لئے لڑکی لڑکے کو والدیں کی اجازت لینا ضروری ہے؟
آپ کی بیوی / کے خاوند کی عمر کتنی ہے ؟
آپ کی شادی کب ہوئی ؟

شادی سے پہلے آپ اپنے خاوند کو کتنی مدّت سے جانتی تھیں ؟
(شادی سے پہلے آپ اپنی بیوی کو کتنی مدّت سے جانتے تھے ؟)
آپ کے کتنے بچّے ہیں ؟
اُن کی عمریں کیا ہیں ؟
وہ کن جماعتوں میں پڑھتے ہیں ؟
کیا وہ آپ کے ساتھ رہتے ہیں ؟

(3) Reise

کیا آپ اِس سال سفر کریں گے / کریں گی ؟(کیا آپ نے اِس سال سفر کیا ہے ؟)
آپ کہاں جائیں گے ؟ (گئے تھے / گئی تھیں ؟)
ٹکٹ (پیٹرول) کا خرچ کتنا ہو گا (کتنا ہوا ؟)
سفر کس ذریعے سے کریں گے / کریں گی ؟ (کیا تھا ؟)
x کے علاوہ آپ کہاں کہاں جائیں گے / جائیں گی (گئے / گئیں ؟)
وہاں کیا کیا دیکھیں گے / دیکھیں گی (دیکھا ؟)
وہاں کیا کیا دیکھنے کے لائق ہے ؟
یہ x پر منحصر ہے ...

•

کیا آپ کے خیال میں ...
— سفر مختصر ہو گا یا طویل ؟ (مختصر تھا یا طویل ؟)
— سفر آسان ہو گا یا مشکل ؟ (آسان تھا یا مشکل ؟)
— سفر محفوظ ہو گا یا خطرناک ؟ (محفوظ تھا یا خطرناک ؟)
— سفر دلچسپ ہو گا ؟ (دلچسپ تھا ؟)
— سفر خوش گوار ہو گا (خوش گوار تھا ؟)
موسم کیسا ہو گا ؟ (کیسا تھا ؟)
کیسا موسم آپ کو پسند ہے ؟

•

آپ سفر کس سلسلے میں کریں گے / کریں گی ؟
( آپ نے سفر کس سلسلے میں کیا ؟)
آپ وہاں کتنے دن ٹھہریں گے /ٹھہریں گی ؟ (کتنے دن ٹھہرے / ٹھہریں ؟)
آپ کہاں رہیں گے / رہیں گی ؟ (کہاں رہے / رہیں ؟)
وہ جگہ کیسی رہے گی ؟ (کیسی رہی ؟)

(4) Mat og drikke (les menyen)

کیا آپ کو مسور کی دال پسند ہے ؟
کیا آپ کو کوفتے پسند ہیں ۔
جی ہاں ، مجھے کوفتے پسند ہیں ۔
جی نہیں ، مجھے کوفتے پسند نہیں ۔
وغیرہ

اوسلو میں ایک پلیٹ کوفتے کی قیمت کیا ہے ؟
پاکستان میں ایک پلیٹ کوفتے کی قیمت کیا ہے ؟
اوسلو میں ایک سادہ نان کی قیمت کیا ہے ؟
پاکستان میں ایک سادہ نان کی قیمت کیا ہے ؟
اوسلو میں ایک پیالی چائے کی قیمت کیا ہے ؟
پاکستان میں ایک پیالی چائے کی قیمت کیا ہے ؟
کھانا پینا کون سے ملک میں سستا ہے ؟
کھانا پینا کون سے ملک میں مہنگا ہے ؟

(5) Shopping

کیا آپ اپنے کپڑے سلے سلائے خریدتے ہیں ، یا درزی سے بنواتے ہیں / بنواتی ہیں ؟
ایک پاکستانی جوڑا ناروے میں کتنے میں ملتا ہے ؟
انگریزی پتلون اور جیکٹ ناروے میں کتنے میں ملتی ہیں ؟
شلوار قمیص سلوانے کے لئے کتنا کپڑا لگتا ہے ؟
کس قسم کا کپڑا آپ کو زیادہ پسند ہے ، اونی کپڑا ، سوتی کپڑا یا ریشمی کپڑا ؟
آپ اپنے جوتے کہاں سے خریدتے ہیں / خریدتی ہیں ؟
جوتوں کا ایک جوڑا کتنے میں ملتا ہے ، ناروے میں ؟
جوتوں کا ایک جوڑا کتنے میں ملتا ہے ، پاکستان میں ؟
•

کیا آپ کو آلو کا بھاؤ معلوم ہے ؟
کیا آپ کو ٹماٹر کا بھاؤ معلوم ہے ؟
ایک کیلو چاول کتنے میں ملتا ہے آج کل ؟
ایک کیلو آٹا کتنے میں ملتا ہے آج کل ؟
ایک کیلو مونگ کی دال کتنے میں ملتی ہے آج کل ؟
ایک لیٹر دودھ کی قیمت کیا ہے ؟

•

پاکستان میں کون سی چیزیں خریدنے کے لائق ہیں ؟
وہ کہاں ملتی ہیں ؟
کیا کوئی پاکستانی پیداوار نوروے میں ملتی ہے ؟
مثلاً کیا ؟
نوروے میں اُس کی قیمت کتنی ہو گی ؟

(6) Bolig

آپ کس قسم کے مکان میں رہتے ہیں / رہتی ہیں ؟
کیا آپ نے مکان خریدا ہے ، یا کرائے پر لیا ہے ؟
آپ مہینے میں کتنا کرایہ دیتے ہیں / دیتی ہیں؟
آپ کے مکان میں کتنے کمرے ہیں ؟
کیا مکان میں آپ کے ساتھ کوئی اور رہتا ہے ؟
کون رہتا ہے ؟
کیا مکان نیا ہے یا پرانا ؟
کیا آپ گھر بدلنا چاہتے ہیں / چاہتی ہیں ؟

(7) Jobb

آپ کس قسم کا کام کرتے ہیں / کرتی ہیں ؟
آپ کہاں کام کرتے ہیں / کرتی ہیں ؟
آپ کو وہاں کام کرتے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟
آپ کے ساتھ کتنے لوگ کام کرتے ہیں ، اور وہ کیا کام کرتے ہیں ؟
کیا آپ کل وقتی کام کرتے ہیں / کرتی ہیں ، یا جز وقتی ؟
کیا آپ کسی مزدور تنظیم کے / کی رکن ہیں ؟
کیا آپ کبھی بے روزگار ہوئے تھے / ہوئی تھیں ؟
کیا آپ اپنا کام پسند کرتے ہیں ؟ کیوں ؟ کیوں نہیں ؟

(8) Kvinnens rolle (bare for kvinner)

پاکستان میں عورت کی جگہ ناروے سے کس طرح مختلف ہے ؟
پاکستان میں عورت کی جگہ ناروے سے کیوں مختلف ہے ؟
پاکستان میں عورت کی زندگی میں آپ کون سی تبدیلیاں دیکھ سکتی ہیں ؟
ناروے میں عورتیں پردہ کیوں نہیں کرتیں ؟
پردے کے رواج میں کیا کیا شامل ہے ؟
پردہ کس عمر میں زیادہ سخت ہے ؟
پردہ کون سے علاقوں میں زیادہ سخت ہے ؟
پردے کا حکم کہاں تک اسلامی ہے ؟
بچوں کی پرورش کے لئے زیادہ ذمہ دار کون ہے ، والدہ یا والد ؟

(9) Ferie

ناروے میں ہفتہ وار چھٹّی کب ہوتی ہے ؟
لوگ تفریح کے لئے کیا کرتے ہیں ؟
پاکستان میں ہفتہ وار چھٹّی کب ہوتی ہے ؟
لوگ تفریح کے لئے کیا کرتے ہیں ؟
ناروے میں سب سے بڑے تہوار کون سے ہیں ؟
اگلا بڑا تہوار کون سا ہو گا ؟
پچھلا بڑا تہوار کون سا تھا ؟
پاکستان میں سب سے بڑے تہوار کون سے ہیں ؟
اگلا بڑا تہوار کون سا ہو گا ؟
پچھلا بڑا تہوار کون سا تھا ؟
پاکستان میں لوگ عید الفطر کیسے مناتے ہیں ؟
آپ کی اگلی چھٹّی کب ہو گی ؟
آپ چھٹّی کہاں گزاریں گے / گزاریں گی ؟
آپ وہاں کتنے دن رہیں گے / رہیں گی ؟
آپ کہاں ٹھہریں گے / ٹھہریں گی ؟
آپ تفریح کے لئے کیا کریں گے / کریں گی ؟
(آپ نے تفریح کے لئے کیا کیا ؟)

(10) Pakistan

پاکستان میں کتنے صوبے ہیں ؟ کون کون سے ؟
کیا اِن چاروں صوبوں میں ایک ہی زبان بولی جاتی ہے ؟
پاکستان کی قومی زبان کیا ہے ؟
صوبہ سرحد میں کون سی زبان بولی جاتی ہے ؟
صوبہ سندھ میں کون سی زبان بولی جاتی ہے ؟

•

نقشے میں ان چاروں پہاڑی سلسلوں کے نام تلاش کر کے ، اُن کے سامنے √ (ٹِک) کا نشان لگائیں ۔
پاکستان کے دو مشہور درّوں کے نام نقشے میں تلاش کیجئے ۔
پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے ؟
پنجاب کے دریاؤں کے نام بتائیے ۔
نقشے میں ان پانچوں دریاؤں کے نام تلاش کر کے ، اُن کے سامنے √ (ٹِک) کا نشان لگائیں ۔

•

آپ پاکستان کے کتنے مشہور شہروں کے نام جانتے / جانتی ہیں ؟
پاکستان کے دو سب سے بڑے شہر کون سے ہیں ؟
پاکستان کی بندرگاہ کہاں ہے ؟
کیا آپ چاروں صوبوں کے صدر مَقامات کے نام بتا سکتے ہیں / سکتی ہیں ؟
لاہور کی کچھ تاریخی عمارتوں کے نام بتائیے ۔
کیا آپ نے اِن عمارتوں میں سے کوئی عمارت دیکھی ہے ؟ کون سی عمارت ؟
اسلام آباد اہم شہر کیوں ہے ؟
کیا اسلام آباد کسی صوبے کا حصہ ہے ؟
آپ نے پاکستان کے کون کون سے شہر دیکھے ہیں ؟
آپ پاکستان کا کون سا شہر دیکھنا چاہتے ہیں / چاہتی ہیں ؟